ہاشم شاہ

لوک ورثے
دا قومی ادارہ

MP-793-0791

IFH 1979

HASHAM SHAH

Executive
Director : Uxi Mufti

Editor : Mazhar-ul-Islam

Research
Translation : Shafqat Tanvir Mirza

Cover Design : Farooq Qaiser

Calligraphy : M. Aslam Cheema

First published 1979 by Institute of Folk Heritage, Islamabad.

All rights reserved

No part of this book may be reproduced in any form, by mimeograph or any other means, without permission in writing. For information address Publication Section, Institute of Folk Heritage, P. O. Box 1184, Islamabad, Pakistan.

Printed by Allied Press, 26-The Mall, Lahore.

ہاشم شاہ

دوہڑے ——— سی حرفی

مدح غوث الاعظم

سسّی پنوں ——— سوہنی مہینوال

اردو ترجمہ

شفقت تنویر مرزا

لوک ورثے کا قومی ادارہ۔ اسلام آباد، پاکستان۔

MP_793_0791
سلسلہ صوفی شاعری
جملہ حقوق محفوظ

مارچ ۱۹۷۹ء

نگران ۔ عکسی مفتی   ایڈیٹر ۔ مظہر الاسلام

اردو ترجمہ ۔ شفقت تنویر مرزا   کتابت ۔ محمد اسلم چیمہ

سرورق : فاروق قیصر

لوک ورثے کا قومی ادارہ ۔ پوسٹ بکس نمبر ۱۱۸۴ ۔ اسلام آباد
یہ کتاب یا اس کا کوئی حصہ بغیر اجازت طبع نہیں کیا جا سکتا۔

شعبہ مطبوعات : قیمت : پندرہ روپے۔

فہرست

۱۔ پہلی بات۔ ۵
۲۔ ہاشم شاہ۔ زندگی، فن۔ ۷
۳۔ کچھ ترجمے کے بارے میں۔ ۱۷
۴۔ دوہڑے۔ ۲۱
۵۔ سی حرفی۔ ۱۵۳
۶۔ مدح غوث الاعظم۔ ۱۷۵
۷۔ سسی پنوں۔ ۱۸۷
۸۔ سوہنی مہینوال۔ ۲۰۳

پہلی بات

ہاشم شاہ ہمارے صوفی شعرا میں ایک اہم اور نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ طریقت اور معرفت انہیں ورثہ میں ملی۔ ان کے والد بھی ایک پہنچے ہوئے بزرگ تھے اور لوگ ان کی روحانی قوتوں پر ایمان رکھتے تھے۔ یہ بھی درست ہے کہ بعض محققین نے ان کی روحانی قوتوں کا اعتراف نہیں کیا لیکن یہ حقیقت ہے کہ اب بھی ان کے بہت سے عقیدت مند ان کی روحانیت پر ایمان رکھتے ہیں۔ آپ کے نام کے بارے میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے لیکن زیادہ تر تحقیق کرنے والوں کا خیال ہے کہ ان کا نام قاسم شاہ نہیں، حاجی محمد شریف تھا۔ اور وہ ایک ترکھان تھے۔

ہاشم شاہ کے بارے میں بہت سی غلط فہمیاں پیدا ہو گئی تھیں جن میں سے ایک یہ بھی تھی کہ وہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دربار سے وابستہ رہے لیکن شفقت تنویر مرزا نے زیرِ نظر کتاب کے باب "ہاشم شاہ، فن، زندگی" میں مختلف حوالوں سے یہ بات ثابت کی ہے کہ ہاشم شاہ، مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دربار سے کبھی بھی وابستہ نہیں رہے۔ آن کے عہد کے واقعات کے علاوہ شفقت صاحب نے ہاشم شاہ کے مزاج کے حوالے سے بھی ہاشم شاہ کی رنجیت سنگھ کے دربار سے وابستگی کو بعید از قیاس قرار دیا ہے۔

شاعری کے مطالعہ سے ہاشم شاہ کے مزاج اور رویئے کا بھرپور اندازہ ہوتا ہے۔ ان کا رویہ ایک،

استاد کا سا ہے۔ اپنی زندگی میں وہ طالب علموں کو دینی تعلیم بھی دیتے رہے۔

ہاشم شاہ کے کلام میں صرف صوفیانہ طرزِ احساس کا ہی اظہار نہیں بلکہ ایک بھرپور سوچ اور فلسفہ بھی ارتقاء کے عمل میں ہے اور بعض جگہوں پر مکمل ہوتا نظر آتا ہے۔ ہاشم شاہ تصوف کے کسی ایک سلسلہ سے مکمل طور پر وابستہ نہیں رہے۔ بلکہ اگر تجزیہ کیا جائے تو اس بارے میں ان کا اپنا ایک الگ نظریہ ان کے کلام میں جگہ جگہ نمودار ہوتا ہے جس میں روح کو ایک ایسے کردار کے طور پر پیش کیا گیا ہے جو بنیادی اکائی ہوتے ہوئے بھی کئی دوسرے حوالوں سے سامنے آتی ہے۔

ہاشم شاہ نے دوہڑے، مدح، قصہ سوہنی مہینوال، قصہ سسی پنوں اور سی حرفی بھی لکھی ہے قصوں میں سیدھی ساری کہانی بیان کرنے کی بجائے ہاشم شاہ نے ان قصوں کے کرداروں کو علامت اور استعارے کے قریب پہنچا دیا ہے اور ان کرداروں کی مدد سے اپنے فلسفہ کو علامتوں اور استعاروں کے ذریعے بیان کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہاشم شاہ کی شاعری صرف خیال ہی نہیں بلکہ فن کے لحاظ سے بھی ایک منفرد حیثیت رکھتی ہے۔ ان کے ہاں تصوف ایک مکمل فلسفے کی شکل میں سامنے آتا ہے۔

ہاشم شاہ نے ستر اور بعض کے مطابق چونسٹھ سال کی عمر میں وفات پائی آپ کا مزار ضلع سیالکوٹ کے ایک گاؤں تھرپال میں ہے۔ جہاں ہر سال ایک بڑا میلہ لگتا تھا اور عقیدت مند دور دور سے آکر اس میلے میں شریک ہوتے تھے لیکن اب اس میلے میں پہلے جیسی بات نہیں رہی۔

یہ کتاب لوک ورثے کے قومی ادارہ کے اشاعتی سلسلہ "صوفی شاعری" کے تحت طبع کی گئی ہے اس سے پہلے ادارہ بلھے شاہ، شاہ حسین، رحمٰن بابا، پیر سید محمد شاہ کے کلام کا اردو ترجمہ، چار بیتہ اور کلام سائیں احمد علی ایٹ وری بھی کتابی شکل میں پیش کر چکا ہے۔

مظہر الاسلام

ہاشم شاہ ۔ زندگی، فن

کھڑی شریف (میرپور۔ آزاد کشمیر) والے میاں محمد بخش (سیف الملوک) نے اپنے پیشرو پنجابی شاعروں کو (جو ریاست بہاول پور سے لے کر پنجاب کے دوسرے سرے راولپنڈی ڈویژن تک کے علاقہ کے لئے فخر کا باعث ہیں) اپنی کتاب سیف الملوک کے آخر میں شاندار الفاظ میں تعریفی اور تنقیدی خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ اس منظوم تاریخی اور تنقیدی "جائزے" کا آغاز اس مصرع سے ہوتا ہے

شاعر بہت پنجاب زمیں دے ہوئے دانش والے

سرزمینِ پنجاب میں بہت شاعر ہوئے ہیں جو بڑی دانش والے شاعر تھے۔

ہاشم شاہ کے لئے ان کا خراج ان الفاظ میں ہے:۔

ہاشم شاہ دی حشمت برکت گنتر وچ نہ آوے
دریتیم جواہر لڑیاں ظاہر کڈھ لیاوے
اوہ بھی ملک سخن دے اندر راجہ سی سر کردا
جس قصے دی چڑھے مہمے سو ہو سی سر کردا
مختصر کلام اوہناں دی دردوں بھجی بوٹی
دردہویا تاں سب کجھ ہویا کیا لمی کیا چھوٹی

بیت تمام زوتول بنائیوسس سارے لذت والے

کلیاں چُن چُن ہار پروتیس نرگس تے گل لالے

ہاشم شاہ کی حشمت اور برکت کا کوئی حساب کتاب نہیں وہ شعر و سخن کے جواہر اور موتیوں کی غواصی کرتا تھا۔

وہ ملک سخن کا ایک سربرآوردہ حاکم تھا اور جس قصّے کو نظم کرنے کی مہم پر نکلتا اُسے سَر کرکے رہتا۔

آتشِ ہجر میں تپنے والے گوشت کی بوٹی ہے۔ داستان طویل ہو یا مختصر اگر اس میں درد ہے تو سب کچھ ہے ورنہ کچھ بھی نہیں اس نے سارے شعر تول تول کر کہے ہیں اور ان سب میں لذّت ہے مختصر یہ کہ اس نے نرگس اور لالہ کی کلیاں چن چن کر (اپنی شاعری کا) ہار پرو دیا ہے۔

میاں محمد بخش نے انہی شعروں کے درمیان ہاشم کے شیریں فرہاد کے قصّے کا ذکر کرتے ہوئے قصّے کی بُنت پر تعجب کا اظہار کیا ہے کہ یہ قصّہ معروف قصّے کی مانند نہیں یعنی اس کے واقعات میں گڑبڑ ہے اس پر میاں محمد بخش نے دو ہاشموں کا شبہ ظاہر کیا ہے۔

یا اوہ ہور ہو یا کوئی ہاشم، ہاشم شاہ نہ ہویا

میاں محمد بخش نے ہاشم شاہ کے بارے میں جس شک کا اظہار کیا ہے ویسا ہی شک ہاشم شاہ کے آباؤ اجداد، ذات، پیدائش، وفات، پیشے اور دربار سے وابستگی کے بارے میں بھی رہا ہے ـــــ تاہم ان کی شاعری کے حسن و خوبی کے بارے میں میاں محمد بخش کی طرح سب کی رائے ایک سی ہے۔

خیر اس درد بیان کرن دا مطلب آہا سارا

(بہرحال اس کا مقصد تو شرحِ درد کرنے کا تھا)

ہاشم شاہ کے آباؤ اجداد، ذات، پیشے اور پیدائش وغیرہ کے بارے میں ایک طویل عرصہ تک جو غلط باتیں چلیں ان کی دوسری وجوہات کے علاوہ سب سے بڑی وجہ یہ رہی ہے کہ انہوں نے پنجابی کے دوسرے قصّہ گو شاعروں کی روایت کے برعکس کسی بھی قصے میں اپنی ذات، رہائش اور

عہد کے بارے میں کوئی اشارہ نہیں کیا۔ صرف سوہنی مہینوال میں اپنے گاؤں جگدیو کا ذکر کیا ہے مگر وہ بھی صرف نام لینے تک۔

اک دن شوق سنے جگدیو بیٹھیاں وچ مسیتی
یاراں دردمنداں فرمائش نال محبّت کیتی

ایک دن جگدیو کی مسجد میں بیٹھے تھے کہ یار دوستوں نے بڑی محبّت کے ساتھ (سوہنی مہینوال کا قصہ لکھنے کی) فرمائش کی۔

ہاشم شاہ نے اپنی شاعری میں اپنی ذات اپنے گاؤں اور اپنے عہد کے بارے میں اس سے زیادہ کوئی اشارہ نہیں دیا۔ اسی باعث ان کی زندگی کے حالات کے بیان میں اُلجھاؤ پیدا ہو تا رہا تاہم ان کی شاعری کی بنا پر انہیں ہمیشہ اسی طرح بلند پایہ شاعر سمجھا گیا جس طرح سکھوں کے عہد کے ایک شاعر احمد یار نے انہیں سمجھا۔

ہاشم، سسّی، سوہنی، جوڑی صدر رحمت استادوں

ہاشم نے سسّی اور سوہنی کے بہت خوبصورت قصّے لکھے وہ فنِ شعر کا استاد تھا اس پر رحمت ہو یا

ہاشم نے سسّی کا قصہ بہت ہی خوب صورت انداز میں لکھا، وہ فنِ شعر کا اُستاد تھا اس پر اللہ کی رحمت ہو۔

ہاشم شاہ کی اپنی ذات سے اس بے نیازی کے کئی اسباب ہو سکتے ہیں تاہم اس سے ایک بات ضرور ثابت ہوتی ہے کہ انہیں شعر اور فن کے مقابلے میں اپنی ذات ایسی اہم نظر نہ آتی تھی یہ رویہ یقیناً ایک بڑے شاعر کا ہوتا ہے۔

ہاشم شاہ کے والد حاجی محمد شریف کے اجداد حلب سے مدینہ آئے تھے حاجی شریف بھی مدینے کے باشندے تھے ان کا سلسلۂ نسب چودھویں پُشت میں جا کر حضرت غوث الاعظمؒ سے ملتا ہے۔ حاجی شریف مسجدِ نبویؐ میں درس و تدریس کے فرائض انجام دیتے تھے بعد میں جب ہاشم شاہ چار برس کے

تھے برصغیر میں آ گئے یہاں ضلع امرتسر کی تحصیل اجنالہ کے قصبہ جگدیو میں آباد ہو گئے۔ حاجی شریف کا مزار جگدیو میں ہی ہے۔ حاجی صاحب بخت جمالی (اجنالہ) کے مرید تھے جو خود نوشہ گنج بخش (گجرات) کے مرید پیر محمد سچیار (گجرات) کے مرید تھے۔

جگدیو کلاں کے بارے میں ایک محقق کے تاثرات سے اندازہ ہو سکے گا کہ ہاشم شاہ کے والد یا آباؤ اجداد اور خاندان کی حیثیت کیا ہو گی۔

"یہ گاؤں (جگدیو کلاں) تحصیل اجنالہ ضلع امرتسر میں گورو کے باغ" سے ایک میل دور نہر اپر باری دوآب کے دائیں کنارے پر واقع ہے۔ جگدیو کلاں اپنی آبادی اور رقبے کے لحاظ سے تحصیل اجنالہ کا سب سے بڑا گاؤں ہے۔ ہاشم شاہ کے حوالے سے اس گاؤں کا نام جگدیو ہاشم شاہ بھی مشہور ہے۔ یہاں تک کہ معلوم ہوتا ہے کہ سارا گاؤں ہی ان کے نام پر جیتا ہے اور خود کو ان کا 'بالکا' سمجھتا ہے، ان دنوں اس گاؤں میں ایک بھی مسلمان نہیں لیکن یہاں آ کر میں نے دیکھا کہ کسی مسلمان فقیر کی جتنی عزت و توقیر اس گاؤں میں کی جاتی ہے' اور ہاشم شاہ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کی وجہ سے جس قدر گاؤں میں سکھوں نے میری آؤ بھگت کی ایسی کسی اور جگہ شاید ہی ہو۔ یہ سکھ بڑے اشتیاق کے ساتھ مجھے اس مسلمان بزرگ کی باتیں اور کرامات بتاتے رہے' مجھے ان کی یادگاریں دکھاتے رہے۔ جگدیو میں ہاشم شاہ کے والد حاجی محمد شریف کا مزار ہے جس پر اردو میں "مزار حاجی محمد شریف" لکھا ہوا ہے اس مزار پر اب بھی چراغ جلائے جاتے ہیں، اب بھی منتیں مانی جاتی ہیں اور یہاں میلہ بھی لگتا ہے"۔

اس تحریر سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ حاجی محمد شریف نے اس گاؤں میں کس انداز سے زندگی گزاری ہو گی' اور پھر ہاشم شاہ نے کس ماحول میں تربیت حاصل کی ہو گی۔

ہاشم شاہ ۱۱۴۵ ہجری یا ۱۷۳۵ عیسوی میں مدینے میں پیدا ہوئے۔ تاہم وفات جگدیو کلاں میں ۱۲۵۹ ہجری یا ۱۸۴۳ عیسوی میں ہوئی۔ دفن محلقہ ضلع سیالکوٹ کے گاؤں ٹھرپال میں ہوئے۔

نارووال

ہاشم کے والد حاجی محمد شریف کا درس و تدریس سے تعلق تھا۔ ان دنوں درس و تدریس اور حکمت تقریباً ساتھ ساتھ چلتے تھے، اس اعتبار سے پیشے کے لحاظ سے حاجی شریف حکیم تھے۔ ہاشم شاہ کو ورثے میں یہی چیزیں ملیں۔ تصوف، درس و تدریس اور حکمت ـــــــ حاجی شریف کے مزار کی موجودگی سے ظاہر ہے کہ سلسلہ شریعت کا ہی نہیں تھا طریقت کا بھی تھا۔ قادری سلسلے میں شعر و سماع زندگی کا لازمہ ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے ہاشم شاہ کی شاعری ان کی صوفیانہ تربیت اور مصروفیات کا حصہ بھی بن گئی ہوگی (پنجاب کے اکثر بڑے شاعروں کا تعلق تصوف سے رہا، یا وہ خود پیر تھے جیسے بابا فرید یا بڑے پیروں کے مرید جیسے بُلھے شاہ)

فارسی نثر میں ہاشم شاہ کی غیر مطبوعہ کتاب "چہار بہار" ہے جو دراصل حضرت نوشہ گنج بخش اور ان کے مرید پیر محمد سچیار کے درمیان سوال و جواب کی صورت میں ہے۔ پیر محمد سچیار شریعت، طریقت حقیقت اور معرفت کے بارے میں سوالات کرتے ہیں اور نوشہ گنج بخش ان کے جواب دیتے ہیں انہی سوالات و جوابات کو ہاشم شاہ نے گلستان بوستان کی طرز پر ترتیب دیا ہے جس میں حکایتیں بھی درج ہیں۔ اس مسودہ کے ساتھ (جو اُن کے عزیزوں (جی این سنز، راجپوت روڈ وسن پورہ۔ لاہور) کے پاس محفوظ ہے) ایک مثنوی بھی ہے اور فارسی غزلیات کا ایک مجموعہ بھی۔

فارسی نثر کی دوسری کتاب "فقر نامہ" ہے جس میں الفقر و فخری کی تفسیر کی گئی ہے۔

پنجابی میں معروف قصوں سسی پنوں اور سوہنی مہینوال کے علاوہ شیریں فرہاد، ہیر رانجھا، محمود شاہ کا قصہ اور دریائے حقیقت کے نام سے دو سو کے قریب دوہڑے، تین سی حرفیاں اور غوث الاعظم کے قصیدے۔

پنجابی زبان کے قدیم شاعروں میں سے کوئی بھی کبھی کسی دربار سے وابستہ نہیں رہا لیکن اپنے اپنے عہد کے حاکموں میں سے بعض نے ان شعرا کے حضور حاضری دی مثلاً بابا فرید (پاک پتن) شاہ حسین (لاہور) ـــ بعد کے شاعروں میں سکھ حاکموں نے احمد یار (گجرات) اور قادر یار (گوجرانوالہ) سے رابطہ رکھا، ان سے بھی بعد کے شاعروں میں ریاست بہاول پور کے نوابوں نے خواجہ فرید سے عقیدت

کا اظہار کیا ـــــــ لیکن تمام پنجابی شاعروں میں سے ہاشم شاہ کے بارے میں یہ روایت عام رہی کہ ان کا تعلق دربار سے تھا اور بھتر یال (سیالکوٹ) میں ان کو دربار کی طرف سے ہی جاگیر دی گئی تھی۔ اسی طرح جگدیو میں بھی انہیں مزار اور مسجد کی وساطت سے زرعی اراضی حاصل تھی۔

اس بات کو تقویت دو باتوں سے ملی۔

۱۔ ریکارڈ آفس شملہ میں فارسی رسم الخط میں لکھا ہوا ہاشم کا قصۂ شیریں فرہاد (نمبر ۴۴/۵۴۴۴) موجود ہے جس پر مہاراجہ کی درباری مہر لگی ہوئی ہے اس پر ۱۸۶۹ بکرمی کا سن ہے جو ۱۸۱۲ عیسوی سن بنتا ہے۔

۲۔ ۸۴-۱۸۸۳ء میں چھپے گزیٹیر آف لاہور ڈسٹرکٹ کے صفحہ پر ہاشم شاہ کو سب سے اچھا بارہ ماہہ لکھنے والا درباری شاعر بتایا گیا ہے۔

مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دربار ۱۰-۱۸۰۹ء میں منعقد ہونے لگے۔ اس وقت ہاشم شاہ کی عمر ۴۷ برس تھی۔ احمد یار کا دربار سے تعلق رہا۔ مگر اس نے ہاشم شاہ کو کہیں بھی درباری شاعر نہیں لکھا نہ ہاشم شاہ کا دربار سے تعلق ظاہر کیا۔ خود ہاشم شاہ کی کوئی ایسی تحریر نہیں جس سے ظاہر ہو کہ ان کا تعلق دربار سے تھا۔ رنجیت سنگھ کے عہد کے سرکاری ریکارڈ سے کوئی ایسا ثبوت نہیں ملا جس سے اندازہ ہو کہ ہاشم شاہ سے مہاراجہ کا بالواسطہ ہی کوئی تعلق تھا۔ کسی جائداد کے کاغذات سے یہ ثابت نہیں کیا جا سکتا کہ ہاشم شاہ کو دربار سے کوئی علاقہ تھا۔ پھر "چار بہار" میں ہاشم شاہ نے ایک جگہ لکھا ہے ـــ دریافت کیا گیا ناقص کس کو کہتے ہیں فرمایا جو شخص فقیری کا لباس پہنے اور دولتمند کے دروازے پر جائے ـــ ان وجوہات کی بنا پر یقیناً "جو بہتر برس کا ہاشم شاہ کسی مہاراجہ کے دربار میں نہیں جا سکتا اور نہ ایسے دربار سے وابستہ ہونا پسند کرے گا" پھر ہاشم شاہ کے یہ شعر بھی اس مفروضہ کو جھٹلانے کے لئے کافی ہیں

کہہ سن حال حقیقت ہاشم ہن دیاں بادشہاں دی
ظلموں کوک گئی اسمانیں دکھیا زوردلاں دی

آدمیاں دی صورت دسدے راکھش آدم خورے
ظالم چور پلیت زنا ہی خوف خدائیوں کورے
بس ہن ہور نہ کہہ کجھ ہاشم جیئوں رب رکھے رہنا
ایہہ گل نہیں فقیراں لائق بُرا کسے نوں کہنا

ہاشم آج کل کے بادشاہوں کا حال کہو ان کے ظلم وستم کے باعث مظلوموں کی فریاد عرش پر پہنچ گئی ہے یہ بادشاہ دراصل انسان کی صورت میں آدم خور راکھشس ہیں۔ یہ ظالم، چور، پلید اور زانی ہیں ان کے دل میں خدا کا خوف بھی نہیں، ہاشم بس اب خاموش رہو۔ جیسے خدا رکھے بہرحال اسی طرح گزر بسر کرو فقیروں کو زیب نہیں دیتا کہ کسی کو بُرا بھلا کہیں۔

ان کوائف کی بنا پر ہرنام سنگھ شان کے نام صاحبزادہ غلام نبی کے خط میں لکھی گئی اس رائے سے مکمل طور پر اتفاق کرنا پڑتا ہے کہ

——"واقعات اور حالات سے یہی پتہ چلتا ہے کہ حضرت بابا ہاشم شاہ صاحب مہاراجہ رنجیت سنگھ کے نہ تو درباری شاعر تھے اور ملک الشعراء"——

پیارا سنگھ پدم کی بھی یہی رائے ہے کہ ——"ہمیں معلوم ہے کہ ۱۸۰۹-۱۰ء میں جب مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دربار منعقد ہونے لگے اس وقت ہاشم ستر برس کی عمر سے گزر چکا تھا اور پھر وہ فقیرانہ مزاج کا آدمی تھا اس لئے اس عمر میں اُسے راج دربار میں کیا دلچسپی ہو سکتی تھی چنانچہ ملک الشعراء یا درباری شاعر ہونے والی بات تو بالکل ہی غلط ہے"۔

ہاشم نے فارسی، ہندی، اُردو میں اظہارِ خیال کیا مگر انہیں عظمت صرف پنجابی کی شاعری کے باعث ملی چنانچہ ڈاکٹر لائٹز نے لکھا:۔

"پنجابی میں ہاشم شاہ کی شیریں فرہاد، سسی پنوں اور سوہنی مہینوال آج بھی ہزاروں دلوں کے لئے خوشی کا سامان مہیا کرتے ہیں"۔

قصوں کے علاوہ ہاشم شاہ کی شاعری کا ایک انتہائی خوب صورت حصہ اُن کے دوہڑے ہیں

جن کے بارے میں ایک محقق نے لکھا ہے:۔

"ہاشم اپنے ۲۰۰ دوہڑوں کی بنا پر ہمارا عمر خیام ہونے کا حقدار ہے۔ اگر ہم توجہ سے اس کے اشعار پڑھیں تو ہم عمر خیام کے ہجر و فراق، نزاکت، خیال اور نغماتی زیر و بم کا بآسانی تصور کر سکتے ہیں۔"

پنجابی صوفی پوئیٹس کی مصنفہ ڈاکٹر لاجونتی رام کرشن کی رائے ہے:۔

"دوہڑوں میں وہ پکّے صوفی دکھائی دیتے ہیں اور اپنے اندر کی تصوف والی آگ لفظوں میں ڈھالتے ہیں۔ دوہڑوں نے ان کو نیک پاک لوگوں کا پیارہ دیا اور پڑھے لکھوں کی نظر میں اونچا شاعر بنا دیا ہے دوہڑوں کی بنا پر ہاشم بُلھے شاہ کے بعد سب سے بڑے صوفی شاعر کہے جا سکتے ہیں۔ بلھے شاہ کی طرح انہیں بھی جاہ و حشم کی تمنّا اور باہو کے برعکس وہ پیری اور گدی نشینی کے تقدس والی زنجیروں سے آزاد ہیں اور اس طرح وہ اپنے خیالات صحیح رنگ میں ہمارے سامنے پیش کرتے ہیں۔"

ہاشم شاہ کی شاعری کی اصل خوبی وہ درد ہے جو ازل کے ہجر سے شروع ہوتا ہے اور جس کا بیان ہی ہاشم شاہ کی شاعری کا کمال ہے بقول میاں محمد بخش:۔

مختصر کلام اوہناں دی درد دوں بھجّی بوٹی
درد ہویا تاں سب کجھ ہویا کیا لمی کیا چھوٹی

ہاشم شاہ نے بیان میں اختصار کو خاص طور پر ملحوظ رکھا ہے۔ ان کے قصوں میں اصل جان اسی اختصار سے پیدا ہوئی ہے یا یُوں کہہ لیجئے کہ وہ کافی کہنے والے شاعروں کی طرح صرف سسّی یا سوہنی کے اسم سے جادو نہیں جگاتے اور نہ ہی وارث کی طرح ہیر کے قصے کی طویل بساط بچھا دیتے ہیں وہ ان دونوں کے درمیاں کی کڑی ہیں قصہ بھی بیان کرتے ہیں مگر اس حد تک کہ سسّی کو بھی امر بنا دیتے ہیں اور اپنے سوز و درد دل کو بھی لازوال بنا دیتے ہیں چنانچہ ہیر کا قصہ (سی حرفی) لکھتے ہوئے کہتے ہیں:۔

ب۔ بہت حکایتاں چھوڑ کے ہیں رنگ اس دی تھوڑی ہے بات جوڑی

اسی طرح منظر نگاری میں ہاشم شاہ کو کمال حاصل ہے ہاشم شاہ لینڈ سکیپ بناتے ہوئے صرف ایک دو رنگوں میں برش کی دو چار لائنوں سے ایسی بات پیدا کر لیتے ہیں کہ کم از کم پنجابی شاعری

میں اس کی مثال مشکل سے ہی ملے گی۔ وارث شاہ ہیر میں، میاں محمد بخش یا مولوی لطف علی بہاولپوری سیف الملوک میں، یا حافظ برخوردار مرزا صاحباں میں شاید ہی مقابل کی منظر کشی کر سکے ہوں۔ پنجاب دریاؤں صحراؤں اور جنگلوں سے پہچانا جاتا ہے چنانچہ دریا اور صحرا (تھل) کی منظر کشی نے ہاشم کو پنجاب کے عوام میں بے پناہ مقبولیت دی پھر اس منظر میں اِنسان کی بے بسی کو جس انداز میں ہاشم شاہ نے سمویا ہے وہ بے مثال ہے۔ اسی باعث ہاشم کے منظر نامے زبان زدِ عام ہوتے مثلاً :۔

نازک پیر ملوک سسّی دے مہندی نال شنگارے
بالو ریت تپے وچ تھل دے جیویں جوں بھُنن بھٹھیارے
عاشق ویکھ بہے اک واری جیو تنہاں پر وارے
ہاشم ویکھ یقین سسّی دا پھیر نہیں دل ہارے

ان چار مصرعوں میں تپتا ہوا صحرا بھی ہے سسّی کے مہندی رنگے پاؤں بھی جن کے حُسن پر عاشق جان قربان کر دے اور اس ابتلا میں سسّی کا ناقابلِ تسخیر جذبہ عشق بھی ہے ـــــــ یہی ہاشم کی شاعری کا اعجاز اور معراج ہے۔

کچھ ترجمہ کے بارے میں

پانچ لفظوں کے اس عنوان "کچھ ترجمے کے بارے میں" کا پنجابی میں ترجمہ تین لفظوں "کچھ ترجمے بارے" میں ہوگا پنجابی اور اُردو میں لفظوں کے اختصار کا جو تناسب اس عنوان میں ہے تقریباً یہی تناسب شاعری اور نثر میں ہے اس لئے پنجابی شعر کا اُردو میں ترجمہ (خصوصاً لفظی ترجمے میں) اس تناسب سے متأثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

علاّمہ اقبال کو گلہ تھا کہ اُردو میں تصوّف کی شاعری نہ ہونے کے برابر ہے جبکہ پنجابی میں تصوّف ہی تصوّف ہے۔ حتیٰ کہ رومانی داستانوں کی بنیاد بھی صوفیانہ بنا دی گئی ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ پنجابی شاعری کا اُردو میں ترجمہ اپنے بہت سے معنی، حسن اور لذّت درد کھو دیتا ہے۔ اس میں کوئی استثنا بھی نہیں ہے سلطان باہو، بلھے شاہ، بابا فرید، شاہ حسین، خواجہ فرید، میاں ہدایت اللہ اور میاں محمد بخش کے منظوم اردو ترجمے اس بات کا ثبوت ہیں۔ ہاشم شاہ کے شعروں کا یہ ترجمہ اس عیب سے پاک نہیں۔

اردو اور پنجابی شاعری کا سماجی اور ثقافتی پس منظر بھی بے حد مختلف ہے' اگرچہ اردو کو پنجابی ہی کی ایک تشکل بتایا جاتا ہے مگر اردو کے ارتقا میں غالباً نادانستہ طور پہ یہ رجحان کارفرما رہا کہ اسے اس ذخیرۂ الفاظ سے محروم کیا جائے جس کا تعلق معاشی پیداواری عمل (زراعت) سے یا دوسرے لفظوں میں دیہی زندگی سے ہے' اردو اور پنجابی کے علاقوں کی دیہی زندگی میں کوئی بڑا فرق نہیں مگر ترقی یافتہ اُردو پہ "شہر" کی چھاپ اتنی گہری ہو گئی کہ یہ ایک طرف اپنے علاقے کی دیہی ثقافت سے کٹ گئی اور دوسری طرف پنجابی سے دُور تر ہوتی گئی یُوں ایک عرصہ تک خاصا بڑا ذخیرہ الفاظ مشترک ہونے کے باوجود

آخر میں یہ ذخیرہ اردو کے لئے متروک ہو گیا جبکہ پنجابی میں رائج رہا۔ یہ ذخیرہ پنجابی شاعری میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے جبکہ اُردو میں اب اس کی حیثیت غائب کی سی ہو گئی ہے۔ ترجمہ کے وقت یہ اُلجھن بڑی پریشان کرتی رہی۔ اس ضمن میں ترقی اُردو بورڈ لاہور کی شائع کردہ مختصر کتاب اُردو کے خوابیدہ الفاظ خاص طور پر قابلِ ذکر ہے۔ اس کتاب میں شامل اُردو کے بعض پرانے الفاظ پنجابی شاعری میں صدر مقام رکھتے ہیں۔

مان (گھمنڈ، فخر)، نمانا (عاجز، مسکین، بے مان)، کوک (آہ و زاری)، سُول (درد)، سَل (پھانس، دُکھ) جِندڑی (زندگی)، تتی تترڑی (رنج جلی، بدبخت)۔ ویلا (وقت)۔ چِر (وقت)۔ کُبل (چپا در کی کل) ڈھولا (محبوب، ساجن)، سُرت (ہوش)۔ ڈار (پرندوں کی قطار)۔ دھی (بیٹی)، پلا (آنچل)، کھٹی (کمائی) دیوا (چراغ، دیا)، بلوک (سمندر)۔ آہلنا (گھونسلا)، جھلّی (بے وقوف)۔ آپی (خود ہی)، لیکھا (حساب کتاب) بالن (ایندھن)، چیتا (یادداشت، حافظہ)۔ تی (کلمۂ ندا، اری، ری)۔ نسنا (بھاگنا)۔ وانہ نا (شادی کرنا) ترانا (گناہوں سے بچانا، پار لگانا)۔ بیلی (ساتھی)۔ گل (بات)۔ بے دید (بد لحاظ، طوطا چشم)، پیڑ (درد) پنڈ (گاؤں)

ایسے بہت سے الفاظ ہیں جنہیں ترجمے میں رکھ لیا جائے تو بھی اُردو کے قاری پر لفظ کے مفہوم کے پرت نہیں کھل سکتے۔ نہ ہی ان سے وابستہ شاعرانہ سحر اس پر طاری ہوتا ہے۔

اُردو میں ایک خاص رجحان کے تحت متروکات یا تطہیر کے علاوہ ایک دوسری بات بھی دیکھنے میں آتی ہے کہ بناوٹ کے لحاظ سے زبان کُھلنے اور پھیلنے کی بجائے سکڑتی ہے جبکہ پنجابی کا معاملہ اس کے بالکل برعکس ہے۔ مثلاً اُردو میں لفظ اڑیل مستعمل ہے۔ اس لفظ سے وابستہ دوسرے بیشمار الفاظ یا متروکات میں آتے ہیں یا اُردو میں شامل ہی نہیں ہو سکے۔

اُڑنا (اُلجھنا)، اڑی (ضد)، اڑک (رکاوٹ، اُلجھاؤ)، اڑیکا (اُلجھاؤ)، اڑیا (اُلجھ گیا)، اڑے۔ اڑانا۔ اڑن۔ اڑیہہ۔

لفظ سے لفظ کے جنم لینے کا یہ سلسلہ اُردو میں خاندانی منصوبہ بندی کا شکار ہو گیا۔ اسی باعث پنجابی

سے منظوم اُردو ترجمہ بھی متاثر ہوتا ہے۔

زرعی پیداواری عمل سے متعلق اسماء اور فعل کے ذخیرۂ الفاظ میں اس تفاوت کے ساتھ ساتھ مقامی داستانوں کے حوالے سے پنجابی کا ذخیرۂ الفاظ اُردو میں وہ تاثر پیدا نہیں کرتا ہیر رانجھا، سوہنی مہینوال، سسّی پنّوں، مرزا صاحباں کے کردار اور واقعات کا حوالہ جب پنجابی میں آتا ہے تو قاری یا سننے والے پر وہ اپنے مطلب کے ساتوں در کھول دیتا ہے۔ مگر اُردو میں بمشکل ایک در ہی کھلتا ہے۔

اُردو اور پنجابی شاعری کے اوزان میں بھی فرق رہا ہے اور قافیہ ردیف اور ہئیت و فارم میں بھی یہ فرق ہے جس کا لامحالہ ترجمے پر اثر پڑتا ہے۔

آخری اہم بات کسی شاعر کا زمانہ ہے۔ اس قدیم زمانے کے طرزِ احساس والی شاعری کو آج کے زمانے میں پیش کرتے وقت آج کے طرزِ احساس کے تقاضے پر پرکھنے کی خواہش بھی اُلجھن پیدا کرتی ہے، بہرحال ترجمے کے ساتھ اصل کو شامل کرنے سے بعض قباحتوں کا اثر کم ہو سکتا ہے، اور میرے نزدیک دراصل ترجمے کو اصل زبان میں شعر کا مزہ لینے کے لیے ایک نسبتاً کمزور مگر واحد وسیلہ سمجھا جانا چاہیے۔

دوہڑے

دل دلگیر ہویا تقدیروں تینوں کون دیوے دم سکھ دا
ہتھے یار بیدرد لیا سی کر گیاں سناون مکھ دا
درد دی دارو ڈھونڈیا لوڑن ہتھوں آن دکھاون دکھدا
کامل یار ملے کوئی ہاشم تاں مرد ہووے دم دکھدا

سو دکھ تیری جند نت جر دی جھیڑا پلک نہ جاوے جریا
بھاری زخم جگر دا ہویا ویکھ خون اکھیں وچ بھریا
میرا حال پچھانے مجنوں جس دکھ لیلیٰ دا جریا
ہاشم یار علاج کرنا ہیں میرا ہجر ولوں دل ڈریا

کیتی پریم جڑی سرپائی میرا دل جانی کھس لیتا
نیناں نوک سوئی دی وانگوں میرا دل سوہنے نال سیتا
مائے بھوت برہوں دا میتوں جن مجنوں نوں مجنوں کیتا
ہاشم جیون بچن اوکھیرا جن زہر پیالہ پیتا

دل رنجور مقدر ٹھہرا ساعت راحتِ جاں کیسی
محفلِ یاراں درد سے خالی، وعظ و نصیحت بے بصری
محرم درد بھی اپنا اپنا غم ڈالیں میری جھولی
کامل یار ملے کوئی ہاشم، بجھے آتشِ جان شتابی

پل بھر بھی جو سہا نہ جائے وہ دکھ سہتے گزری
زخمِ جگر نے رنگ وہ بدلا بہیں لہو کی دھاری
میرے حال کو محرم مجنوں، لیلیٰ کا سودائی
ہاشم وصل کی آس نراس میں ہجر سے جاں گھبرائی

ہوئی پریم کی ایسی ہوئی کہ چھین لیا من میرا
نوکِ مژہ نے جانِ بہاراں کے سنگدل سی ڈالا
ایک بلا ئے ہجر سے لرزاں مرا ہوش حواس اُڑایا
ہاشم جس نے زہر پیا ہوا مشکل جینا مرنا

تسبیح بہت پھراون کسبی جنہاں دام فریب بچھایا
کر کر گیان سناون سیانے نہ اِت بدھ شیخ کہایا
مطلب جو اسرار الٰہی اوہناں ہرگز مول نہ پایا
ہاشم سمجھ رسائیں والے کدی اپنا آپ لُکایا

بھانبڑ دَر دہدایت والا جیہڑا بَل بَل بُجھدا
گھائل آپ ہویا دُکھیارا بھلا ہور بنے کد رُجھدا
مجنوں سوتہ لیلیٰ دے جلیا اوہنوں کھان گوشت کدسُجھدا
ہاشم عشق کہے جگ جس نوں بھلا کون کسے کول پُچھدا

دولت مال جہان پیارا اساں ڈھونڈلدھا اک پیارا
سو بھی لوک نہ ویکھن دیندے جگ سڑدا ہانس ہارا
دل وچ شوق بخیل جو پھیرے میرا ہوگ کویں چھٹکارا
ہاشم آؤ ملاؤ رانجھا میرا سکھ دِل دا دُکھ سارا

دام فریب بچھانے والے گرگے تسبیح پھیریں
خطبے، دعوے، وعظ سنائیں، شیخ حرم کہلائیں
راز نیانہ، اسرار نہ جانیں، رب کا بھید نہ پائیں
ہاشم رمز رموز جو جانیں اپنا آپ چھپائیں

شعلہ ورد ہدایت پل پل جلے بجھے، بجھ جلے
من دکھیارا اس کا گھائل اور روپ نہ ڈھلے
دنیا بے مطلب مجنوں کو جو عشق کی آگ جلے
ہاشم عشق کہے جسے دنیا کبھی راس نہ آتے بھلے

مال و منال جہان کا چھوڑا ڈھونڈا ایک پیارا
خلق نے دید بھی مشکل کر دی حاسد ہے جگ سارا
دل انبوہ رذیلاں میں بڑا مشکل ہے چھٹکارا
ہاشم آؤ ملاؤ رانجھا مرے دل کا دکھ سکھ سارا

اے دل ڈھونڈ پھرے جگ پایا پڑھوٹن بہت وکھیرا
بیجی دا کھ نہ ہووں کنڈرے توں نہ کر ویکھ اندھیرا
کر کجھ درد بیگانے دردوں مت دردکرے رب تیرا
ہاشم ڈھونڈ کویں دم انویں اجے ہن سی وقت بہتیرا

نہ کر ہور علاج طبیبا مینوں فرق نہیں اک تل دا
دارو سیک لگے جل جائے جد بھڑک اٹھے دکھ دل دا
ہائے مگر مرا دل عشق دا مینوں پلک لکاؤ نہ ملدا
ہاشم شوق بہتیرا دل نوں پر ہرگز رزق نہ ہلدا

بدھ شدھ جن بھجی کجھ تھوڑی سوکھاندا خون جگر دا
جس نے لئی بہار وصل دی سو ہویا اسیر ہجر دا
طوطی حسن کلام نہ سکھدی کیوں پیندا دام پنجر دا
ہاشم شاہ رس مول دکھاں دا جس رس پیٹے دکھ مردا

کھوج لگے تو دنیا پائیں پر کھوج لگانا مشکل
پھل بوئیں تو اُگیں نہ کانٹے شک ہے زہر قاتل
دُوجے کا دُکھ اپنا جانو رب ہو ترے دُکھ کا قائل
ہاشم وقت ابھی ہے باقی رہ راہِ تلاش پہ سائل

اور علاج نہ کر چارہ گر مجھے فرق نہیں اک تل کا
مرہم پل میں جل جائے جب بھڑکے شعلہ دل کا
میرے پیچھے عشق کا دستہ مجھے چین نہیں پل ملتا
ہاشم دل کو شوق بہت، نہیں آب و دانہ ہلتا

جس نے کچھ کچھ بھید ہے پایا، چاٹے خون جگر کا
وصل کی لذت جس نے لوٹی ہوا خوگر ہجر سفر کا
حسن کلام نہیں تھا اگر پنچھی پنجرے کیوں پھڑکا
ہاشم شاہ کشیدۂ الم سے رہے نہ دُکھ کا دھڑکا

ثابت ہو جیں درس عشق دے لیا صرف حقیقت والا
ہو بیزار گیا سبھ علموں اتے تسبیح رہی نہ مالا
نہ اوہ سگھڑ نہ مورکھ ہویا آن پھسٹیا پنتھ نرالا
ہاشم زہد عبادت کولوں آن مطلب لیا سو کھالا

بے بنیاد جہان پچھانے آتاں جوش کرے دل میرا
چاہے ترک کیتی ہر طرفوں اتے کرے گیان بہتیرا
پر ایہہ حرص ہوا جاتی بھیڑا توڑن بہت اوکھیرا
ہاشم نیند اوگھاڑ سویرے نہیں دسدا سون بکھیڑا

قابل قدر معشوق جے ہووے تاں عاشق نوں لے تردا
ثابت چشم رہے دلبر دی تاں ویکھو عاشق مردا
اک چاہے اک مُول نہ چاہے وہ ہرگز نیونہہ نہ سردا
ہاشم مول مرے نہ سپاہی جتھے قدر نہیں کوئی کردا

جس نے صدق صفات سے سیکھا سبق حقیقت والا
علم سے وہ بیزار ہوا، رہی تسبیح اور نہ مالا
نہ دانشور نہ وہ احمق اس کا پنتھ نرالا
معنیٔ زہد و عبادت ہاشم اس کیلئے ہے بالا

جانے بے بنیاد جہاں کو زور کرے دل میرا
چاہے ترکِ تعلق بھی، پر فکر بھی ہے بہتیرا
لیکن توڑنا مشکل ٹھہرا حرص و ہوا کا گھیرا
صبح کے ہوتے مشکل ٹھہرے ہاشم نیند کا ڈیرا

فہم و فراست والے دلبر بیڑا پار کرائیں
دیدۂ دلبر واہ ہو تو دیکھو عاشق جان سے جائیں
لیکن غیر یقینی نقشے سب کچھ ہی کھا جائیں
جان سے گزرے کون سپاہی جب قدر نہ اسکی پائیں

کافر قہر نزول وچھوڑا ایس دلبر یار سجن دا
ترسن نین تہیں وس چلدا اُتے دل وچ شوق ملن دا
زحمت ایس تہیں بھر واسا مینوں اک دن ہور نہ جین دا
ہاشم باہجھ عمل مر جاندا بہیڑا عمل ایس ملن دا

شیریں نام دھرایا شیریں پر کوڑی زہر ہمیشا
دیندی زہر پیالہ بھر کے نت خون کرن دا پیشا
اک گھٹ نے فرہاد بیچارا اوہ مار مویا سر تیشا
ہاشم پیار محبوباں والے اتے گل گل درد رگ ریشا

جس دن شہر محبوباں والے کوئی عاشق پیر دھریندا
جان خوار اک نادے غم دی اتے پل پل سول سہیندا
سیس اُتار پیالہ کر کے اتے ہتھ بھیکھ منگیندا
ہاشم ترس محبوباں آوے اتے تاں کجھ خیر پویندا

یار سجن دلبر کا ہجر کہ ٹوٹا قہر غضب کا
نین ترستے رہ گئے بس نہیں چلتا کسی بھی ڈھب کا
بوجھ ہے ایسا جینا مشکل ہو گیا جان بلب کا
ہاشم بے طلبی میں مرتے رہ جاتا بھرم طلب کا

نام تو تھا شیریں کا شیریں رہی کڑوی زہر ہمیشہ
زہر پیالہ دان تھا اس کا، خون کرنا تھا پیشہ
ایک ہی گھونٹ لیا کوہ کن نے مارا سر میں تیشہ
ہاشم جان کی قربانی لی محبوبوں نے ہمیشہ

جس دن عاشق کوئی آئے محبوبوں کی نگری
جان کرے وہ نذرانہ نہیں درد کی ساعت ٹلتی
کاسہ سر لے ہاتھ میں نکلے نہیں مانگے بھیک بھی ملتی
یار اگر مائل بہ کرم ہو تب کچھ آئے جھولی

کتھے شاہ سکندر دارا اتے جب مر گیا کت جم دا
تھڑکن دیو جنہاں دی تیغوں اتے دھول پیا تت کنبدا
ڈھونڈیاں خاک تنہاں نہیں لبھدی ایہہ جگت بُرا گھر غم دا
ہاشم جان غنیمت دم نوں بھلا کیا بھروسا دم دا

مورکھ لوک سدا سکھ سوندے اتے روز کماون پیسا
نہ کجھ اوچ نہ نیچ پچھانن اتے پریم نہ جب نوں کیسا
شالا نیچ ہووے چترائی ساتوں خوار کیتا تدھ ایسا
ہاشم کاٹ پریم کریندا جس ہوش ہووے وچ جیسا

صاحب حسن ڈٹھے سبھ کھوٹے اتے کھوٹ کماون سارا
پر ایہہ موڑ رہے نہیں مڑدا بھیڑا موڑ مکھ من ہتھیارا
ہٹھ تپ دے کھدیاں نس جاوے وتھے جپ ست کون بچارا
ہاشم حسن بلا غضب دی پیا اوڑک جھبو کھڈ پسارا

کہاں ہیں شاہ سکندر دارا، پتہ ہے جام جم کا؟
جن کی تیغ سے دیو تھے لرزاں، قلعہ قلعہ کانپا تھا
ڈھونڈو بھی تو راکھ ملے نہ، جگ ایسا گھر غم کا
ہاشم جان غنیمت جانو، بھلا کیسا بھروسہ دم کا

مورکھ لوگ سدا سکھ سوئیں اور خوب کمائیں پیسہ
اونچ نہ جانیں نیچ نہ جانیں، پریم نہ جانیں کیسا
چتر چالاک نہ ہو تم جیسا، ہمیں خوار کھپا یا ایسا
ہاشم عشق کی کاٹ ہو ویسی مرد ہو جیسا جیسا

صاحبِ حسن سبھی کھوٹے ہیں کھوٹ کمائیں سارا
من مورکھ کو سو سمجھایا نہیں سمجھا من ہتھیارا
اہلِ جنوں جہاں درد سے بھاگیں جب ست کو بیچ چارا
ہاشم حسن بلا غضب کی ہے پھر بھی جھوٹ پیارا

توہیں یار توہیں دکھدائی اتے درد دُکھے نت تیرا
پرسوں آکھ لگائے برسوں اتے بیٹھ رہیوں گھت ڈیرا
قول قرار سنبھال پیارے اتے آکدی گھت پھیرا
ہاشم باجھ تساں سُکھ ناہیں، ہور وسدا ملک بہتیرا

مینوں خبر نہیں دل میرا ایس حب گھ وچ وسدا
اچرج ویکھ عشق نوں یار و بھلا کون کوئی حب دسدا
نہ اوہ دام وچھائی وس دی جت جا میرا دل پھسدا
ہاشم بہت دیوے دکھ پیارا دل پھیرا تیوں نسدا

تینڈا عشق قصائی وڈا جن نال سولاں دل بھریا
اک دن برس جیہا ہو بیتے میں عمر ولوں بہت ڈریا
دلبر یار ڈٹھے مکھ تیرے میرا تن من بھیوے ہریا
ہاشم راہ اُڈیکے تیرا کدی آمل بھاگی بھریا

یار بھی توُ دلدار بھی تو اور سوزِ محبت تیرا
وصل کا وعدہ دے کر برسوں دُور لگایا ڈیرا
قول قرار سنبھالے پیارے کبھی ڈال ادھر بھی پھیرا
ہاشم تجھ بن سکھ ناہیں خواہ دیس بسے بہتیرا

خبر نہیں من میرا کیسے اور کہاں پہ بستا ہے
یارو عشق کو کون بتائے کون کدھر کا رستہ ہے
دامِ محبت میں نہ جانوں جس میں دل جا پھنستا ہے
ہاشم یار جو دے دکھ، دل پھر اس سے ہی پیوستہ ہے

تیرے عشق نے رگ رگ میں کانٹوں کا جال بچھایا
اک اک دن ہے سال برابر میں جیون سے گھبرایا
یار ترے مکھ کو دیکھوں پاؤں تن من تیا نیارا
ہاشم دیکھے راہ خوش بختا دے وصل کا جام سوایا

جس وچ چنگ برہوں دی پیا تس نال لہو لکھ دھوتا
شمع جمال ڈٹھا پروانے اتے آن شہید کھلوتا
جاں منصور ہویا مدھ ماتا تد سولی نال پروتا
ہاشم عشق اجیہا ملیا جس دین مذہب سبھ دھوتا

جیتوں حسن خراب کریندا اتے مینوں سمجھ ستایا
جیئوں جیئوں آن حسن دیاں سجھاں مینوں اُٹھدا سول سوایا
سبھے درد ڈٹھے سبھ دکھیے جنہاں سمجھ سمجھ دُکھ پایا
آتش سمجھ جنہاں وچ ہاشم اوہناں اپنا آپ جلایا

مشکل نیونہہ نباہن ہویا مینوں دھڑ دھڑا لکھ نہورا
سر گٹھڑی لکھ کوس ٹکانا اتے تن وچ تنک نہ زورا
دلبر پایہ ہِک گل اوکھی مینوں بہن نہ ملدا بھورا
ہاشم نیونہہ نہ لائیو کوئی دیوے شہر ڈھنڈھورا

بھڑکی اک چنگاری والے اپنے ہی خون میں ڈوبے
حسن چراغاں پروانے کی شہادت لے کر اُبھرے
مدھ ماتا منصور ہو جب خود جا سُولی پہ لٹکے
ہاشم عشق بلا کچھ ایسے ہم مذہب دین سے گزرے

حسن تیرا بربادی تیری مجھے سوچ سمجھ نے گنوایا
جوں جوں سمجھوں حسن کی رمزیں ڈھیروں درد بڑھایا
غم دیکھے غم والے دیکھے، سوچ سمجھ غم پایا
ہاشم سوچ کی آگ میں پڑ کر اپنا آپ جلایا

عشق کی بازی مشکل ٹھہری ہیں لاکھوں بول سہوں
دشتِ محبت لامحدود ہے نہیں یارا کس سے کہوں
دم لینے کو رُکنا عار ہے آگے کیوں کر بڑھوں
ہاشم نین لگا کے نہ کوئی جب شہر ڈھنڈورا دوں

مدت حرص جہانے والا ہیں دل وچ باغ لگایا
اوڑک باغ ہویا پروردہ اتے نال گلاں سبھ چھایا
جاں ہیں مشک لیا ہر گل تھوں لتے بھینے چمن دا پایا
ہاشم بے بنیادی والا میتوں مشک گلاں تھوں آیا

کر افسوس کہیا دل گھائل جد ڈٹھوس جہند اُجالا
سن چنڈا بلبل دے وچھڑے تینوں داغ پیا گل لالا
لاکھ چکور گئے مر عاشق توں اجے نہ ہو ئیوں کالا
ہاشم ملن درست تنہاں نوں جنہاں وچھڑن زہر پیالا

دل گھائل دلبر نوں کہیا توں سن جانی میرا
جے توں عیب ڈٹھا وچ ساڈے اتے دھریا پیر پریرا
تینڈے نال نہیں کجھ مطلب سانوں شوق لوڑیدا تیرا
ہاشم رمگ قیامت توڑی سانوں ایہو دان بہتیرا

عمر گزاری حرص و ہوا کا دل میں باغ لگایا
فصلِ بہاراں آئی چمن میں گلوں نے رُوپ دکھایا
اِک اِک پھُول کو سُونگھ کے دیکھا باغ کا بھید نہ پایا
ہاشم ہر خوشبو کی بِنا تھی بے بنیاد دِکھاوا

گھائل دل بولا جب دیکھا اس نے چاند اُجالا
چند اِک بُلبل کے نالوں سے داغ ہوا گلِ لالہ
لاکھ چکور ہوئے قُربان ترا رنگ ہوا نہ کالا
ہاشم عشق انہی کا سچا جنہیں ہجر ہو زہر پیالہ

گھائل دل دلدار سے پُوچھے، جانِ جہاں بتلانا
ہم میں کون سا عیب تھا تُو نے کر لیا دُور ٹھکانہ
تجھ سے نہیں مطلب ہمیں کوئی اک شوق ترا جانانہ
ہاشم روزِ قیامت تک ہمیں کافی یہ توشہ خانہ

دیپک دیکھ جلے پروانہ اِن ایہہ کیہہ مذہب پچھاتا
عاشق دِین نہ مذہب کھدے وہناں رُد خدا کر جاتا
جن ایہہ علم بھلایا دل توں آن لدھا یار گواتا
ہاشم تنہاں رب پچھاتا جنہاں اپنا آپ پچھاتا

دل توُہیں دلبر توُہیں اتے دید توُہیں دُکھ تیرا
نیندر بھکھ آرام توہیں توں اتے تیں بن جگت اندھیرا
نین پران حیاتی توھیں، توھیں تکیہ ڈیرا
ہاشم سانجھ تساڈے دم دی ہور وسدا ملک بہتیرا

عشقا بال چھاوچ پاویں تاں ہیں اگّے موڑاں ذرا
مکھ موڑاں تے کافر تھیواں بے سیس دھراویں آرا
شوق شراب پلائیو مینوں ہن ہویا مست مقرا
ہاشم نہیں رہیو ہن توہیں بن ہیں وچ ہیں نہ ذرا

کون سا دین ایمان ہے دیپک دیکھ جلے پروانہ
اہلِ وفا کا دین نہ مذہب درد کو ہی رب جانا
علم علوم کے تارک پائیں گم گشتہ جانانا
ہاشم رب پہچانا جس نے اپنے آپ کو جانا

دل تو ہے دلبر بھی تو تو دید ہے دکھ بھی تیرا
خواب خیال آرام بھی تو بِن تیرے جگت اندھیرا
ہوش حواس حیات بھی تو ہے تو منزل تو ڈیرا
ہاشم زیست ہے تیرے دم سے بسے یوں تو دیس بھیترا

عشق الاؤ میں لے جائے نہیں پل بھر کو انکار
سر نہ ہو نذرِ تیغِ جفا مجھے کافر کر کے مار
شوق شراب پلا کر لے میرا پکا قول قرار
میں نہیں ہاشم تو ہی تو بس رہ گئی تری پکار

نہ بن شیخ مشائخ پیارے نہ پہن لباس فقر دا
بن گھائل مردل دی پیڑے ایہہ توں دام مکر دا
توڑ خودی خود بینی نفسوں لتے چاکر رہو دلبر دا
ہاشم درد جگر وچ بوٹا کر گریہ نال پرور دا

چندا چمک وکھال نہ سانوں اتے نہ کر مان ودھیرا
تیں جیہے لکھ چڑھن اساڈوں پر سجناں باہجھ اندھیرا
جس ڈٹھیاں دل روشن ہووے اوہ حسن نہیں اج تیرا
ہاشم باہجھ تساں دکھ پایا جھب آ مل ساجن میرا

گئی بہار خزاں وی آئی جھب آ کدی گھت پھیرا
چڑیں وچھنیاں نے گل مل کے زور لگایو تھوڑا
کرسی پیڑ کلیجہ دکھسی ہو یا درد تیرے وچ پھوڑا
ہاشم ہون پیارے دشمن جیہڑے گھتن درد وچھوڑا

شیخ مشائخ مت بن پایے، مت فقر کا پہن لباس
جان کا دے نذرانہ ایسے نہ ہو جس میں مکہ کی باس
خودبینی، خودنگری چھوڑ کے بن بردا یار کے پاس
شجرِ الم کو خونِ جگر دے کر سیوا ساتھ اخلاص

اے مہ تاباں تاب نہ دکھلا تجھے فخر غرور بہتیرا
لاکھوں چاند ہی دیکھے تجھ سے بن یاراں ہمیں اندھیرا
دل خوش ہو جس کے دیکھے سے حسن نہیں وہ تیرا
ہاشم ساعتِ وصل اب آتے، دل ہجر میں تڑپے تیرا

پت جھڑ گذری فصلِ گل آئی، تیرے قدم بھی آئیں
ملے ہجر کے دکھیاروں کو، سبج گلے سے لگائیں
انگ سرا پا درد ہوئے ہیں وصل میں بھی دکھ پائیں
ہاشم دردِ فراق جو دیں پیارے، دشمن کہلائیں

ماسے بیٹھا اکھیں وِچ ویکھیں میتوں چاک کیہا کجھ دسدا
بیلے مگر تہاں دے چیرے جینداں نام نہیں پت کِس دا
کھیڑے چھوڑ ماہی در پائیو کوئی شان لباس نہ جس دا
ہاشم پیڑ تسے تن ہووے کوئی گھا وکھاوے جس دا

اسے دل درد نصیب تیرے وچ تاں میں کیہہ کراں بچارا
آپے درد سہیڑیں بھائی اَتے چپ ہیں بھی چھٹکارا
ایویں ہوگ سعادت تیری توں کر دُکھ درد پیارا
ہاشم پیڑ ہٹاوے کِدھروں ہن بھائی پلید نکارا

زہد عبادت چاہے ویکھے نہیں ہرگز دھیان نہ کردا
شاہ منصور چڑھایوس سولی اتے یوسف کیتا بردا
کس گل دے وچ راضی ہووے کوئی بھیت نہیں ایس پڑدا
ہاشم بے پرواہی کولوں میرا ہر ویلے جیو ڈردا

ماں آنکھوں میں جھانک کے دیکھ مرے چاک کا عکس ہے کیسا
جس کی دھن میں جنگل چھانتے نہیں نام پتہ کوئی اس کا
کھیڑے چھوٹے جس کی خاطر نہیں شان اس کی شاہانہ
ہاشم درد وہی تن جانے جس تن عشق ہے لاگا

اے دل درد نصیب تمہارا ہیں بے بس ہیں بے چارا
آپ بتائیں درد کو مہمان اور چاہیں بھی چھٹکارا
تیری یہی سعادت ہے رکھ درد کو جان سے پیارا
ہاشم درد مسلسل ہے نہیں ہوتا اس کا چارا

زہد و عبادت کو بھی کبھی خاطر میں وہ نہیں لایا
شاہ منصور چڑھایا سُولی اور یوسف چاک کرایا
اس کی رضا کیسے حاصل ہو یہ بھید کبھی نہ پایا
بے پرواہی اس کی ہاشم مرا ہر دم جی گھبرایا

کجھ تقصیر اساتھوں ہوئی جو یار سجن چت چایا
یا کجھ داؤ وگی کلجگ دی کوئی جھاک اندر دل آیا
دل بیدرد طبیباں کیتا جو گھائل چپ بھلایا
ہاشم جان سعادت ایویں جو یار سجن من بھایا

گھر وچ لکھ دشمن لکھ دوست توں باہر پھیریں ڈھونڈیندا
دعوے حرص غرور جہاتی نہیں گھر وچ حکم منیندا
ایہہ دشمن گھر دے لکھ سولاں تھیں جیب لگ صاف کریندا
جیوندیاں وچ جان نہ ہاشم جیندے گھر وچ شیر لوکیندا

ایہہ دل خوار کرے نت مینوں ایس ہوش گوایا میرا
جیوں دریا ہمیشاں ڈھاوے نت اپنا چار چوفیرا
اپنی خبر نہیں اس دل نوں جویں دیپک تلے اندھیرا
ہاشم یار ملے تد آکھاں اساں خوب ڈٹھا سکھ تیرا

یا تقصیر ہماری ہے جو یار نے مُنہ نہ لگایا
یا پھر چلی ہَوا کلجگ کی جی اس نے ہم سے اُٹھایا
مشق ستم جس دل پہ ہوئی وہ گھائل اس نے بھلایا
ہاشم کر منظور اسے جو یار سجن من بھایا

دوست اور دشمن گھر کے اندر تو باہر کیا ڈھونڈے
دعوے حرص غرور نہ مانیں گھر میں حکم تمہارے
ہاشم جب تک زیر نہ ہوں دشمن ہیں تیرے گھر کے
ایسے شیر جہاں پہ گھر جیں اس گھر والا کب جیوے

خوار پھرا سے گلی گلی دل ہوش گنوائے میرے
دل دریا ہے چاروں جانب غرقابی ہی بکھیرے
اپنی خبر نہیں کوئی جیسے دیئے تلے اندھیرے
ہاشم یار ملے تو کہہ دوں "دیکھ لئے سکھ تیرے"

جدا ایہہ خاک رہیا تن میرا تد دُکھ سُکھ مول نہ آہا
بھی مڑ خاک ہوئی سی اوویں کوئی روز ملن دا لاہا
آؤ جانی گل لگ اساڈے تیرا عشق پیا گل پھاہا
ہاشم ہوگ شناس مویاں دی سُن دلبر بے پرواہا

عشق اساں نال جیہی کیتی جیوں رُکھاں نال پالا
دھر دھر ہوئے گناہی کملے میتوں ملدا دیس نکالا
ان برہوں چھلتے چھل لیتا میں جانا عشق سوکھالا
ہاشم یار سجن دے کارن اساں پیتا زہر پیالا

ایہہ اکھیں بن فوج حسن دی سُتی کلا جگاون
عقلمنداں نوں کر منصوبہ اتے وس بہیڑاں پاون
حاکم حکم کرن بن لشکر اتے بے تقصیر کہاون
ہاشم شاہ مس آن اکھیں دی مت سولی پکڑ چڑھاون

دُکھ سُکھ کوئی نہ تھا اس دم جب تن میرا تھا خاک
وصل کی شب کے وعدے سے ہی خاک ہوئی بیباک
آ ظالم لگ جا سینے سے میری عشق میں اُڑ گئی خاک
مر گئے ہم تب یاد آئیں گے اے حُسن بیباک

عشق کا وار تھا ہم پر ایسا جیسے گلشن مارے پالا
پاگل مجنوں مجرم ٹھہرے ہمیں مل گیا دیس نکالا
عشق نے سب کچھ لوٹ لیا اسے جانا تھا سُکھ والا
ہاشم یار سجن کارن پیا ہم نے زہر پیالہ

یہ آنکھیں یہ حُسن کے لشکر، سوئی کلا جگائیں
اہلِ خرد کو بے دردوں کے دام میں لا پھنسائیں
چرچا پاکئ دامان کا، بے لشکر حکم چلائیں
ہاشم مان کہا آنکھوں کا مت دار پہ یہ کھنچوائیں

سوز فراق نصیب اساڈے اسی کھا پیا دُکھ بھرساں
بے دن رات رہاں وچ جل دے اتے انگ پتنگ سیہے تےساں
کر تکبیر ہووے چھٹکارا مت موت حرام نہ مرساں
ہاشم طلب لہے جند جائے تائیں شکر ہزاراں کرساں

سنبھل کھیت سنبھال عشق دا ہُن نکلی تیغ میانوں
کھا مر زہر پیاری کرکے جے لئی ہئی ایس دکانوں
سر دیون دا ساک عشق دا ہور نفع نہ عقل گیانوں
ہاشم باجھ مویاں نہیں بندی اساں ڈٹھا بھیت قرآنوں

جے دُکھ پریم تینوں ہتھ آیا ایس ویری سرکاروں
خوش دل ہو کر شکر خدا دا ہُن بھجیوں لاکھ اناروں
اک دُکھ ہتھوں دُکھ جان ہزاراں ویکھ حال ایس پاریوں
ہاشم شاہ دُکھ ڈھونڈ عشق دا ایس کامل پاس ہزاروں

سوزِ فراق ہماری قسمت سہہ جائیں گے جو سر آئے
شکوہ شکایت صبح و مسا اِک تشنگی ہی رہ جائے
سارے دُکھ سُکھ سہہ لیں گے کہیں موت حرام نہ آئے
شُکر گُذاریں حرفِ وفا ہو لب پر جب موت آئے

عشق کی تیغ میاں سے نکلی اب جان و مال سنبھال
زہرِ وفا جو نقد خریدا اس سے مُنہ میں ڈال
شرطِ طلبی کا عشق سے رشتہ نہیں عقل، گیان سوال
مَرے بناں، قرآن کہے، کسی بات کا بنتا محال

دان ہو اگر دردِ محبت اس دلبر کی سرکار سے
خوش ہو شکر گذار کہ تو بچ گیا ہے لاکھ آزار سے
لاکھ دُکھوں کا اک دُکھ چارہ، حاصل اس کے پیار سے
ہاشم عشق کا کامل غم جا ڈھونڈ کے لا بازار سے

عاشق جیڈے عقل نہ کوئی جن جان سمجھ نت تپنا
بید قرآن پڑھے جگ سارا اوس نام جیانی دا جپنا
آتش لین بگانے گھر دی اتے پھوک دیون گھر اپنا
ہاشم شاہ کیہہ حاصل عشقوں اینویں مفت ببیرے وچ کھپنا

راہی یار رانجھن نوں آکھیں کوئی حال اساڈے دے دوں
جچرک جوگ کمائے جے توں جان تلی پر دھر دوں
مرتے یار دانگوں دن اکسے یا بلا دوں یا مر دوں
ہاشم شاہ اج جان بچاویں جاں توں نیونہہ نہ کر دوں

رکھیں لاج نلاج نہ ہوویں ایتھے پیر پچھاں نہ دھرنا
زہر خوراک بنائی آپے اتے مرن کونوں کیوں ڈرنا
چمکی چخا عشق دی پیارے ایتھے ثابت ہو جل مرنا
ہاشم اہیہ کمال عشق دا جو سیس اگاہاں دھرنا

عاشق سا نادان نہ کوئی جان بوجھ دُکھ جھیلے
وید قرآن پڑھے جگ سارا وہ چال اسی کے کھیلے
آگ پرائی لے گھر پھونکے، کرے تماشے میلے
ہاشم عشق کا حاصل کیا جہاں مفت میں جاں دُکھ جھیلے

راہی یار نہ رانجھن سے کہتا میرے درد عذاب کا حال
جان تلی پر رکھ لیتے، نہ کماتے جوگ جنجال
ایک ہی دن مرزے کی طرح مرتے یا وصل وصال
عشق کیا تھا کیوں ہاشم جب جاں رکھنی تھی سنبھال

پاؤں پیچھے کھینچ نہ، مت عزت کو خاک میں رول
زہر اجل جب خود کھایا پھر خوش سُن موت کا بول
چمکی آتشِ عشق تو اس میں ڈال دے جیون ڈول
انت پریم یہی ہے ہاشم سر اس کے پاؤں میں رول

جس نے اوہ گل پختہ جانی اوہ خام ہویا وچ خویشاں
لذت ہجر وصل دی ویکھی اتے کیتا حال پریشاں
برہوں زنبور بھڑے ہر طرفوں اتے لاکھ لگاون نیشاں
ہاشم ہو قربان انہاں تے جیہڑے صاحب درد ہمیشاں

اکسے تار بہار نہ رہندی نہ اکسے طور زمانہ
ہر دن چال نہیں البیل نہیں ہر دم زور جواناں
رووَن سوگ ہمیش نہ ہووے نہیں نت نت راگ شہانا
ہاشم بیٹھ گئیاں لکھ ڈاراں ایہہ جگت مسافر خانہ

دلبر یار کیہی آ تدھ کیتی میری پکڑی جان عذاباں
دارو درد تیرے دا ناہیں اساں پڑھیاں لکھ کتاباں
رووَن جوش لگے نت اکھیاں جد بھڑکی بھاہ کباباں
ہاشم بہت سہے دکھ پیارے کدی آ مل ویکھ خواباں

جس نے عشق کو پختہ جانا چھُٹا اس سے خویش قبیلہ
لذتِ ہجر و صال سے اُن کا حال ہُوا درد بلا
ڈنگ پہ ڈنگ انہیں مارے اک چھتہ بڑا زہریلا
ہاشم اس پہ واری جایئے، جو صاحبِ درد قبیلہ

سدا و قورِ بہار نہیں، نہ ایک سا رنگ زمانہ
چال نہیں البیلی ہر دن، نہیں ہر دم زورِ جواناں
نوحۂ غم ہی سدا نہیں، نہیں نت نت راگ شہانہ
لاکھوں قافلے ہاشم گزرے یہ جگ ہے مسافر خانہ

دلبر کیا کیا تم نے کیا، مری جان پہ لاکھ عذاب
چارہ گری ترے درد کی مشکل دیکھی کیا کیا ہم نے کتاب
ہجر ترے میں آنکھیں روئیں، جاں جلے مثالِ کباب
ہاشم کیا کیا دُکھ جھیلے کبھی دیکھ یہ حالِ خراب

دُور نقاب کیتا دلبر نے اتے چمکی تیغ میانوں
یا اوہ برق ابر سوں نکلی یا حُور ڈِگی اَسمانوں
ویکھ شہید ہوئے دل گھائل اتے گزرے ایس جہانوں
ہاشم زاہداں زہد بھلایا اتے رہی کلام نہ یاقوں

جانی یار نہیں حاصل ہوندے پھیڑ لاکھ کروڑیں مُل نوُں
ویکھ دیدار کوئی دم لاہا اتے جان غنیمت گل نوُں
اوڑک توڑ لجاوگ مالی اتے سوگ پوے بُلبُل نوُں
ہاشم یار ملے گل ہَس کے کوئی اَج نہیں مُدھ کل نوُں

اپنی پیڑ سبھو جگ بھیڑیا کون جانے حال بیگانہ
ڈوبو گھاٹ سنجوگیں میلا جیہڑا دسدا ہے سہج یرانا
ہجرے سوز جنونی کردا بندا آپ دیوانہ
ہاشم خوب سنی عجب ملیا وچ کر کے موت بہانہ

رُخ سے نقاب اُٹھا جب اس نے اک نکلی تیغ میاں سے
یا یا دل سے نکلی بجلی یا اُتری حُور آسماں سے
دیکھ شہید ہوتے دل گھائل کر گئے کوچ جہاں سے
ہاشم زہد و عبادت بھولی نہیں نکلا لفظ زباں سے

جلوۂ یار ملے نہیں پیارے چاہے خرچیں لاکھ کروڑ
جان غنیمت اس پل کو تُو گُل دیکھ لے کچھ دَم اور
مالی آخر توڑے جاتے رہے غم بُلبُل کو زور
ہاشم کیا آج اور کیا کل نہ ملے یار سجن کسی طور

ہر کوئی گھائل اپنے غم کا کیا جانے حال بیگانہ
وصل کی خاطر سر مانگے جو سہل لگے یارانہ
سوزِ جنون ہجر نے ہاشم آپ کیا دیوانہ
کیسی ادا سے ملا ہے ظالم ڈال کے موت بہانہ

دلبر یار نہ کر اغرضی ایہناں نال تُساں نیاں یاراں
اِک جمدے اک مُیں تُدھ جیہے کئی رُل گئے خاک ہزاراں
پھڑک کوک پپیہا کُوکے اتے پھڑک لون پھوُہاراں
ہاشم ہوش پکڑ تھئیں بندے کوئی نِت نِت چیت بہاراں

ساون دی گھٹ ویکھ پپیہا اوہ روندے کہے کھ جیئوں
سُن توں یار پٹِّن کُرلاون ایہہ بھاپیا نِت بیئوں
پر ایہہ گرجن برسن اج مُڑ ہاتھ نہ آوگ تیتوں
ہاشم کر احسان متراں وچ اتے کرسکناں پھر کیئوں

چاندا ویکھ چکور پکارے اک حالت کھول دلاں نوں
توں سرداری کُجھ تیرا ایس سو بھابھا وَ اساں نوں
جوگی جوگ دِتی ربّ صاحب جیواں ویکھ تُساں نوں
ہاشم خرچ نہیں کُجھ ہوندا بھورا کر کجھ یاد متراں نوں

دلبر یار تغافل نہ کر، بڑے عاجز ہیں تیرے یار
تیرے میرے جیسے خاک ہوئے حسیں لاکھ ہزار
کب تک پی پی پپیہا پکارے کب تک پڑے پھوار
ہاشم ہوش کہ آتے نہ ہی نت نت فصل بہار

دیکھ گھٹا ساون کی پپیہا پیا سائیں کو پکارے
سُن اے یار یہ نالہ و زاری بڑا نصیب ہمارے
لیکن یہ برسات یہ بجلی پھر ہاتھ نہ آئے تمہارے
ہاشم کر احسان اور آ مل یہ بات ہے بس میں تمہارے

چاند چکور پکارے تجھ کو کر کر نالہ و زاری
اپنے روپ کے درشن سے تری چاروں اور سرداری
عشق کی دولت رب نے دی جیوں دیکھ تجھے سرباری
ہاشم خرچ نہیں کچھ ہوتا کہ یاروں کی دلداری

سُن عشقا جیہی تدھ نے کیتی توں روز ستاویں مینوں
اِک واری ہتھ آویں میرے میں خوب رواواں تینوں
تیرے جیڈ بے وفا نہ کوئی میں کوک سُناواں کہنوں
ہاشم خوار کریں جگ سارے توں یار بناویں جہنوں

جس گھر وچ ہووے دُکھیارا اوہدے سبھ گھر ڈُکھ پاون
پلک وساہ کریں نہ تِس دا اُتے اوکھد وید پُچھاون
جس تن وِچ ہوٹے دل گھائل بھلا سو تن کیہہ سُکھ پاون
ہاشم درد عزیز عاشق توں جیہڑے سو سُکھ گھول گھماون

پل پل شوق زیادہ ہووے دل رکھدا پیر اگاہاں
دن دن عمر نکھٹدی جاوے اوہدی مُڑدی مُول اگت پچھاہاں
دونویں ہتھوں نہیں وس میرے اوہ ہو بنی لاچار اساہاں
کیہہ سرکار ہووے کیہہ ہاشم جیتے اک گھر لکھ صلاحاں

عشق نے کیا کیا ہم سے کیتا تو روز ہی ہمیں ستائے
ہاتھ آئے تو تجھے رُلائیں، جیسے ہمیں رُلائے
تجھ سا وفا بیگانہ کوئی نہ دل کسے یہ درد بتائے
ہاشم خوار پھرائے جگ میں تو جسے بھی یار بنائے

جس گھر میں اِک دُکھ والا ہو سب گھر والے دُکھ پائیں
پل کا بھروسہ کریں نہ اس پہ اور وید طبیب بلائیں
گھائل دل ہوں جس جس تن میں وہ کیسے سُکھ پائیں
واریں اِک اِک دُکھ پہ سو سُکھ جو عاشق کہلائیں

آگے پاؤں پڑے تو شوق بھی پل پل بڑھتا جائے
جیون دن دن کم ہو وے اور ڈوری گھٹتی جائے
دونوں بے حد اور میں بے بس بات سمجھ میں نہ آئے
جس گھر لاکھ ہوں رلائے ہاشم واں کاج نہ بنے بنائے

اوکھد پیش نہ جاوگ لوکا پیچ رہو نیباں دے ڈنگوں
یہ ہوں روگ کیہا ہتھیارا نہیں ہوندا لاکھ ودنگوں
ماس گیا جِند رہی نہ باقی اجے نکلے آہ کڑنگوں
ہاشم ایس حقیقت تائیں جا پچھے بھور پتنگوں

گل لاج قبیلہ تے ماں پیو اساں ڈتا چھوڑ تنہاں نوں
کُڑنگ سر پر ہویا غم تیرے اساں منی جان تساں نوں
کیوں عشقا کیہہ منگنا ئیں ہیتھوں ہن سچ کہو آکھ اسانوں
ہاشم سانس ہوئے کم تیرے کیہہ کرسیں یاد مویاں نوں

جو بُڈ دُدھ ملائی پاوے توں کھوہ کھس مال بیگانہ
اِک دن لوک تماشے کارن تیرے دھر سن بُڈ نشانہ
توہیں نال آئیں کر ٹوٹے وچ دھر کے عشق بہانہ
ہاشم جان کیہے تدھ کیتا ایہہ جگت مسافر خانہ

اے لوگو! کچھ پیش نہ جاتے جب ڈس لیں اس کے نین
برہا کا دکھ ایسا ہتھیارا نہ سکھ دن نہ رین
ماس نہ باقی جان، کر تگ سے پھر بھی نکلیں بین
ہاشم جا پوچھو یہ حقیقت، یہ دانے کیا کہن

اماں باوا ننگ و ناموس، قبیلہ سب کچھ چھوڑا
اپنی عمر بھی تجھ پہ واری تیرے غم نے دم نہیں چھوڑا
عشق بتا کیا تجھ کو چاہیئے اب سانس کا بھی ہے توڑا
کیا کیا ہم کو یاد کرے گا جب مُنہ جیون سے موڑا

مکھن دودھ سے جسم جو پالا چھین کے مال بیگانہ
لوگ بنائیں گے اس ڈھانچے کو اک دن طنز نشانہ
تو بھی ٹکڑے کرنے آئے گا ڈال کے عشق بہانہ
ہاشم جسم عزیز کیوں جانا جب جگ ہے مسافر خانہ

آدم روپ جیہانت کیتا کون بندا آپ دیوانہ
بنہ ہوں بھُوت سودائی کرکے اتے کمدا خلق بیگانہ
رہیا عشق پہاڑ چڑھیندا اتے سی فرہاد نشانہ
سوئی شخص بولے وچ میرے اینویں ہاشم نام بہانہ

سو پھلوان بہادر نا ہیں جیہڑے ڈھاہ لیہن کُجھ مستاں
